11998-امانتوں کے تحفظ کے لئے انہیں اولیا کی قبروں کے پاس رکھنے کا حکم

سوال

کچھ لوگ اپنی امانتیں اور قیمتی چیزیں نیک لوگوں کی قبروں کے پاس رکھ دیتے ہیں اور یہ نظریہ رکھتے ہیں کہ اولیا ان کی حفاظت کریں گے اوراس طرح یہ چوری نہیں ہوں گی، نہ ہی انہیں کوئی اٹھائے گا، کیا ایسا کرنا ٹھیک ہے ؟

پسندیدہ جواب

یہ عقیدہ رکھنا کہ مردوں کی قبروں کے پاس جوکچھ رکھا جاتا ہے تو وہ ان کی حفاظت کرتے ہیں یہ توحید ربوبیت میں شرک پر مبنی عقیدہ ہے، اگر کوئی شخص اسے عقیدے پر مرے تو وہ دائمی جہنمی قرار پاتا ہے، چنانچہ اپنی امانتیں اور دیگرچیزیں قبروں پر تحفظ یا برکت کے لئے رکھنا بالکل جائز نہیں ہے۔ واللہ اعلم

اللہ تعالی عمل کی توفیق دینے والا ہے، درود وسلام ہوں ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم، آپ کی آل اور صحابہ کرام پر۔

واللہ اعلم